جلد نمبر 35 | شمارہ نمبر 29 | 2023 جولائی 20 تا 14
1989ء سے مسلسل اشاعت

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Little Star Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Products
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-3262978 6 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG
بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on Golden Coin Pindo Art Card. 190 Gsm. Contact for Booking IBM:111-426-725




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a premium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user.

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general and use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT
First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک قیمت 100 روپے
پیپر بزنس
پبلشرز: حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا
شمارے کے صفحات: 22 رنگین، 18 عمومی

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ:
پبلشر وا یگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی
سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری
معاون: عدنان انصاری

رابطہ آفس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،
بلاک M، نارتھ ناظم آباد،
بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
weeklypaperbusiness@gmail.com
فون: 0300-2933229
ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

چارجز: (سالانہ)
بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے
بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1000 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
IBAN No: PK72SUMB025602714112960

# ایف پی سی سی آئی اور دیگر تجارتی نمائندہ ادارے فوری انتخابات کرائیں، ڈی جی ٹی او کی ہدایات

## ایف پی سی سی آئی اپنے تمام رجسٹرڈ تجارتی اداروں تک اس معلومات کی ترسیل کو یقینی بنائے، ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن (ڈی جی ٹی او) نے ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ (TOA) اور ٹریڈ آرگنائزیشن رولز (TOR) کے تحت ایف پی سی سی آئی سمیت ملک بھر کے تمام رجسٹرڈ چیمبرز آف کامرس اور ایسوسی ایشنز میں انتخابات برائے 2023-24 کرانے کا حکم دے دیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن (ڈی جی ٹی او) نے ایک اہم سرکلر نمبر/(01)08 ایڈمن- 23 مورخہ 7 جولائی 2023 کو پاکستان کے تمام رجسٹرڈ تجارتی اداروں کو جاری کیا ہے جس کی ایک کاپی فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) سے بھی تصدیق شدہ ہے۔ ڈی جی ٹی او نے تجارتی اداروں کو ہدایات کی ہے کہ 2013 کے ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ (TOA) اور 2013 کے ٹریڈ آرگنائزیشن رولز (TOR) کی شق 19 - 13 کے مطابق سال 2023-24 کے لیے اپنے انتخابات کرائے جائیں اور انتخابی سرکلر کی کاپی کو یقینی بناتے ہوئے ڈی جی ٹی او آفس کو بھیجا جائے۔ علاوہ ازیں ایف پی سی سی آئی کو ڈی جی ٹی او کی طرف سے خصوصی طور پر ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے تمام رجسٹرڈ تجارتی اداروں تک اس معلومات کی ترسیل کو یقینی بنائے۔ سرکلر میں واضح طور پر واضح کیا گیا ہے کہ تجارتی اداروں کے موجودہ عہدیداروں کی مدت کار ایک سال تک محدود ہے، جو اکتوبر 2023 میں ختم ہو رہی ہے۔

# بزنس کمیونٹی آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدے سے بہت پرامید ہے، عابد نثار



اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستان انڈونیشیا بزنس کونسل کے چیئرمین عابد نثار نے آئی ایم ایف معاہدے کو معیشت کی بحالی کے لیے اہم قرار دیتے ہوئے وزیراعظم محمد شہباز شریف، وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی کوششوں کو سراہا ہے۔ انہوں نے پاکستان کو ڈیفالٹ سے بچانے میں بھرپور کردار ادا کرنے پر چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر کی خدمات کی تعریف کی۔ جمعرات 6 جولائی کو اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف سے اسٹاف لیول معاہدہ وطن عزیز کو مشکلات سے نکالنے میں اہم ثابت ہوگا۔ بزنس کمیونٹی اس معاہدے سے بہت پرامید ہے اور یہ توقع رکھتی ہے کہ حکومت ملک کو معاشی بحرانوں سے نکالنے اور خود کفالت کی طرف لے جانے پر اپنی توجہ مرکوز رکھے گی۔ انہوں نے آئی ایم ایف معاہدے کے ثمرات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ معاہدہ ہونے کے ساتھ ہی اسٹاک مارکیٹ میں تیزی خوش آئند ہے جبکہ کاروباری صورتحال بھی آنے والے وقت میں مزید بہتر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کاروبار وصنعت کی ترقی اور عوام کی خوشحالی سے مشروط ہے لہٰذا حکومت کو مزید ایسے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے جس سے کاروباری وصنعتی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہوتا کہ لوگوں کو باعزت روزگار میسر آسکے۔

# افغانستان، ایران اور روس سے بارٹر ٹریڈ کی اجازت کی تیاریاں مکمل

لنڈی کوتل (نیوز ڈیسک) ملک میں زرمبادلہ کے ذخائر کی کمی کے باعث وفاقی حکومت نے بارٹر ٹریڈ یا مال کے بدلے مال تجارت کی اجازت دے دی۔ فوری طور پر تاجروں کو افغانستان، ایران اور روس کے ساتھ مال کے بدلے مال تجارت کرنے کی اجازت ہوگی، بارٹر ٹریڈ پالیسی پر جولائی کے مہینے میں عمل درآمد کا قوی امکان ہے اس حوالے سے وفاقی حکومت سمیت تمام محکموں نے اپنی تیاریاں مکمل کرلی ہیں، مجوزہ تجارتی اشیاء کی مالیت کا تعین ڈالرز یا مقامی کرنسی میں ہوگا، معاملہ زیر غور، درآمدات اور برآمدات کی فہرستیں مرتب کرلی گئیں۔ وفاقی وزارت خزانہ کی طرف سے جاری نوٹیفکیشن میں مال کے بدلے مال کے لئے درآمدات اور برآمدات کی فہرست بھی مرتب کرلی گئی ہے بارٹر ٹریڈ میں مجوزہ تجارتی اشیاء کی مالیت کا تعین امریکی ڈالرز میں کیا جائے گا یا کسی مقامی کرنسی میں ہوگا۔



چیئرمین بزنس مین گروپ خامس سعید بٹ، سابق سینئر وائس چیئرمین شبیر بھٹی کو حج کی ادائیگی پر مبارکباد دے رہے ہیں



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# پراپرٹی کی ویلیوایشن میں 15 فیصد تک اضافہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ورلڈ بینک کی شرائط کے تحت فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے مختلف شہروں میں املاک کے تخمینہ قدر (پراپرٹی ویلیوایشن) میں اوسطاً 13 سے 15 فیصد تک اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے اس ضمن میں گوشواروں میں تبدیلی کرلی گئی ہے، ایف بی آر کے اعلیٰ افسران نئے گوشواروں کا معائنہ کررہے ہیں، ایف بی آر کے عہدیداروں کے مطابق گوشوارے اپ ڈیٹ کرنا مستقل سالانہ فیچر بنایا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ یہ فیصلہ بھی کیا گیا ہے کہ وہ شہر جن کے حوالے سے ایف بی آر تخمینہ قدر جاری کرتا ہے ان کی تعداد بھی 42 سے بڑھا کر 51 کردی گئی ہے۔ ایک اعلیٰ سرکاری ذریعے نے دی نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے تصدیق کی ہے کہ صوبائی حکام کے ساتھ مشاورت کے بعد نیا تخمینہ قدر یکم اگست 2023 سے موثر بہ عمل ہوگا۔ فی الوقت ایف بی آر جن شہروں میں املاک کا تخمینہ قدر مرتب کرتی ہے ان کی تعداد 40 ہے جن میں ایبٹ آباد، اٹک، بہاولنگر، بہاولپور، چکوال، ڈیرہ اسماعیل خان، ڈیرہ غازی خان، فیصل آباد، گھوٹکی، گجرانوالہ، گجرات، گوادر، حافظ آباد، ہری پور، حیدرآباد، اسلام آباد، جھنگ، جہلم، کراچی، قصور، خوشاب، لاہور، لاڑکانہ، لسبیلہ، لودھراں، منڈی بہاالدین، مانسہرہ، مردان، میرپورخاص، ملتان، ننکانہ، نارووال، پشاور، کوئٹہ، رحیم یارخان، راولپنڈی، ساہیوال، سرگودھا، شیخوپوری، سیالکوٹ، سکھر اور ٹوبہ ٹیک سندھ شامل ہیں۔ اب ان تمام شہروں میں تخمینہ قدر کے گوشواروں پر اوپر کی جانب نظر ثانی کی جائے گی اور اس کی رینج 13 سے 15 فیصد رہے گی جبکہ اس فہرست میں مزید 9 شہر بھی شامل کیے گئے ہیں اور یکم اگست 2023 سے اب ان نئے شہروں کے تخمینہ قدر کے گوشوار بھی مرتب کیے جائیں گے۔ پنجاب کے بورڈ آف ریونیو کے ایک سینئر رکن کے زیر قیادت گزشتہ ماہ تمام ڈپٹی کمشنرز، ڈسٹرکٹ کلکٹرز کے ساتھ ایک اجلاس میں بتادیا گیا تھا کہ وہ ڈی سی صاحبان اپنے تخمینہ قدر کے گوشوارے ایف بی آر کے نمائندوں کے ساتھ صلاح مشورے سے مرتب کریں۔ اس اجلاس کے دوران بورڈ کے سینئر رکن نے تمام ڈی سی صاحبان کو یہ ہدایت بھی دی گئی کہ مالی سال 24-2023 کے لیے تخمینہ قدر کے گوشوار تیار کیے جائیں۔ ڈی سیز کے تخمینہ قدر کے گوشواروں اور ایف بی آر کے تخمینہ قدر کے گوشواروں کو ہم آہنگ کرنے اور معقول بنانے کے لیے کہا گیا ہے کہ ڈی سیز کو ایف بے آر کے نمائندوں کو کمیٹی کا رکن بنانا چاہیے جس کا اعلان پنجاب اسٹیمپ رولز 1999 کے ساتھ کیا جاچکا ہے۔ یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ تخمینہ قدر کے گوشوارے جو پہلے ہی بانٹے جاچکے ہیں انہیں وقت مقررہ میں مکمل کیا جائے۔ یہ بھی ہدایت کی جاتی ہے کہ خسرہ نمبروں کے ساتھ ساتھ ہاؤسنگ سوسائٹیوں یا اسکیمز کام بھی دیا جائے اور تخمینہ قدر کے گوشواروں میں ان کا تذکرہ ہونا چاہیے۔ ریٹس کو اعلان کرتے ہوئے ہاؤسنگ اسکیموں اور سوسائٹیوں کے بروشر بھی زیر غور آئیں گے اس کام کو اعلیٰ ترجیح قرار دیا جانا چاہیے۔ رابطہ کرنے پر ایف بی آر کے ایک سینئر عہدیدار نے بتایا ہے کہ تخمینہ قدر کے گوشواروں میں تبدیلی پہلے ہی کرلی گئی ہے اور اسی طرح شہروں اور قصبوں کی تعداد بھی بڑھادی گئی ہے اور اب تو ایف بی آر کے اعلیٰ افسران فیلڈ فارمیشن کی متعلقہ صوبائی حکام کے ساتھ مشاورت سے مرتب ہونے والے گوشواروں کا معائنہ کررہے ہیں۔ یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ 15 فیصد کے ساتھ تخمینہ قدر کو یکم اگست 2023 تک نافذ کیا جائے۔ ایف بی آر کے عہدیدار نے مزید بتایا کہ ہم املاک کے تخمینہ قدر کے گوشواروں کو اپ ڈیٹ کرنے کے عمل کو مستقل سالانہ فیچر (روایت) بنارہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ابھی بھی ایف بی آر کے تخمینہ قدر اور موجودہ مارکیٹ ریٹ میں فرق برقرار ہے۔ عالمی بینک کے 40 کروڑ ڈالر کے قرض بہ عنوان ’پاکستان ریزیز ریونیو اینڈ رائز ٹو پروگرام‘ کے تحت املاک کے تخمینہ قدر کے گوشواروں کی نظر ثانی کرنا ایک شرط ہے۔ نظر ثانی شدہ تخمینہ قدر سے غیر منقولہ املاک پر مزید ٹیکسز اکٹھے کیے جاسکیں گے۔

## عالمی ریٹنگ ایجنسی فچ نے پاکستان کی درجہ بندی بہتر کردی

اسلام آباد (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) معاہدے کے بعد پاکستان کیلئے ایک اور اچھی خبر ’کریڈٹ ریٹنگ کے بین الاقوامی ادارے فچ نے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں اضافہ کرتے ہوئے اسے ٹرپل سی مائنس سے ٹرپل سی کردیا۔ پیر 10 جولائی کو اپنے ایک بیان میں وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا کہ معیشت کی بحالی کے سفر میں ایک اور مثبت خبر ملی ہے۔ فچ نے پاکستان کی ریٹنگ آئی ڈی آر (ایشوور ڈیفالٹ ریٹنگ) سے ٹرپل سی کردی ہے۔ انہوں نے اس اہم پیشرفت پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف، قوم، اتحادی جماعتوں اور حکومت کی معاشی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ ادھر کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی کی جانب سے پیر 10 جولائی کو جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستانی حکومت کے اقدامات کی وجہ سے حسابات جاریہ کے کھاتوں کے خسارہ میں نمایاں کمی ہوئی ہے‘ حکومت نے غیر ضروری درآمدات پر پابندیاں عائد کیں، زرمبادلہ کی دستیابی کو ممکن بنایا، توانائی کی کھپت میں کمی کیلئے اقدامات کئے جبکہ اشیا کی قیمتوں میں کمی کیلئے اقدامات اٹھائے گئے، ان اقدامات کی وجہ سے مارچ سے مئی 2023 تک کی مدت میں حسابات جاریہ کے کھاتوں کا توازن فاضل رہا۔

## 20 سال کے بعد کے پی ٹی کے ٹیرف میں اضافہ

کراچی (بزنس ڈیسک) کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) نے 20 سال کے بعد کے پی ٹی کے ٹیرف میں اضافہ کردیا۔ کے پی ٹی ٹیرف میں اضافہ موجودہ معاشی صورتحال کو مد نظر رکھ کر کیا گیا ہے، پچھلے 2 دہائیوں کے دوران آپریشنز، مینٹیننس اور جدیدیت کی قیمتوں میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے اور مہنگائی کی وجہ سے ٹیرف بڑھانا ضروری تھا، مہنگائی کی وجہ سے ڈالر کی قدر میں اضافے کے بعد ٹیرف میں تبدیلیاں کرنے کی اشد ضرورت تھی۔ کے پی ٹی نے ٹیرف میں اضافے سے پہلے ریسرچ کا سہارا لیا تھا اور تمام اسٹیک ہولڈرز سے میٹنگ کی تھی، اسٹیک ہولڈرز کی مثبت رائے بعد کے پی ٹی ٹیرف میں اضافہ کیا گیا ہے، ٹیرف میں 45001 تا 90000 گراس رجسٹرڈ ٹن وزنی جہاز کے ہینڈلنگ کیلئے نئی سلیب پورٹ اور برتھنگ چارجز کی مد میں متعارف کی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ 90000 گراس رجسٹرڈ ٹن سے زائد وزنی جہاز کیلئے الگ سلیب متعارف کی گئی ہے، خشک چارجز میں اضافے سے کچھ سیکٹرز میں معمولی سا فرق پڑے گا۔

### حاجی غلام حسین انتقال کرگئے

لاہور (پیپر بزنس نیوز) حافظ جاوید اقبال حافظ کمپنی، چوہدری ریاض غزالی پبلشرز کے بھائی حاجی غلام حسین قضائے الٰہی سے گزشتہ دنوں انتقال کرگئے۔

### ناظم بٹ انتقال کرگئے

لاہور (پیپر بزنس نیوز) اعظم بٹ کے چھوٹے بھائی ناظم بٹ کا گزشتہ دنوں یہاں انتقال ہوگیا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# CPP Services Private Limited

联强集团 UPG UP GROUP

## World Re-known Brands which are under Our Belt and their Product Line.

| Brand | Product Line |
|---|---|
| YU YIN | Automatic Die Cutting<br>Foil Printing Machines |
| accura | High-end Slitting & Sheeting Machines |
| FB FANGBANG | Roll Fed Paper Bag Machines<br>Sheet Fed Paper Bag Machines |
| DLG 德拉根 上海德拉根印刷机械有限公司 SHANGHAI DRAGON PRINTING MACHINERY CO.,LTD. | Automatic Spot UV Machines<br>Water Base Coating Machines<br>Folder Gluer Machines |
| HHM | High-end Folder Gluer |
| GUOWEI 浙江国威智能设备有限公司 Zhejiang Guowei Intelligent Equipment Co., Ltd. | Sheeting Machines<br>Guillotine Cutting Machines |
| SHENGTIAN® 盛田 | Flute Laminator &<br>Thermal Lamination Machines<br>Water Base Lamination Machines |
| GMB 光明 GUANGMING | Thermal Lamination Machines |
| HS MACHINE | Narrow Web Label Printing Machines<br>Plain Label Rotary & Flat Bed Die Cuting Machines<br>& Slitting Machines |

Plot no 18, Sector 26, Industrial Area Korangi, Karachi - Pakistan.

+92-21-35070785-8 Email:info@cpp.com.pk www.cpp.com.pk





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# 2022: ایل ڈبلیوسی، کرافٹ پیپر، بٹیومینائزڈ پیپر اور کوٹڈ بورڈ کی درآمدات میں اضافہ

**4810.9900 پیپر بورڈ کی درآمد 3200 ٹن سے بڑھ کر 5600 ٹن ہوگئی 4810.3900 کی درآمد 211 ٹن سے بڑھ کر 561 ٹن رہی**

## 2022:IMPORT OF LWC, KRAFT PAPER & BOARD, COATED PAPER & BOARD, PLASTIC CARD

| HS Code | Countries | JUL 21 TO JUN 22 | | JUL 20 TO JUN 21 | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Quantity - Kg | Rupees in 000 | Quantity - Kg | Rupees in 000 |
| 48102200 | LIGHT WEIGHT COATED PAPER | | | | |
| | China | 57,504 | 8,320 | ..... | ..... |
| | U.S.America | 196,405 | 29,468 | 97,895 | 13,695 |
| | **Total** | **253,909** | **37,788** | **97,895** | **13,695** |
| 48102900 | OTHER LIGHT WEIGHT COATED PAPER | | | | |
| | Australia | 36,629 | 5,793 | 14,700 | 1,716 |
| | Belgium | 127,836 | 26,538 | 114,289 | 11,277 |
| | Canada | 54,678 | 14,824 | 86,746 | 9,589 |
| | China | 2,061,540 | 355,286 | 2,138,795 | 280,667 |
| | Europien Union | 11,021 | 1,756 | 29,782 | 3,971 |
| | Finland | 30,275 | 4,722 | 29,737 | 4,075 |
| | Germany | 153,416 | 38,503 | 82,159 | 12,545 |
| | Greece | 35,904 | 9,057 | 22,450 | 2,118 |
| | Indonesia | 15,665,173 | 3,082,363 | 16,369,430 | 2,151,825 |
| | Japan | 308,636 | 54,928 | 26,430 | 2,627 |
| | Korea | 749,567 | 144,828 | 276,283 | 42,314 |
| | Malaysia | 3,000 | 624 | 318,044 | 75,766 |
| | Netherlands | 62,695 | 11,557 | 66,676 | 8,948 |
| | Spain | 73,377 | 11,440 | 8,869 | 1,026 |
| | Sweden | 48,730 | 7,413 | 14,500 | 1,610 |
| | U.S.America | 1,312,780 | 238,378 | 1,019,456 | 106,534 |
| | U A E | 56,994 | 11,801 | 286,897 | 30,629 |
| | United Kingdom | 27,252 | 7,155 | 62,884 | 10,254 |
| | **Total** | **20,819,503** | **4,026,966** | **20,968,127** | **2,757,491** |
| 48103100 | KRAFT PAPER & BOARD WEIGHT 150 G / M2 | | | | |
| | Malaysia | **693,565** | **195,730** | **113,735** | **28,660** |
| 48103200 | KRAFT PAPER & PAPER / BOARD WEIGHT > 150 G / M | | | | |
| | China | 61,923 | 7,102 | 3,714 | 529 |
| | Europien Union | 123,203 | 20,042 | ..... | ..... |
| | Finland | 1,026,245 | 126,742 | 501,381 | 49,388 |
| | U.S.America | 19,765 | 3,357 | 21,906 | 2,316 |
| | **Total** | **1,231,136** | **157,243** | **527,001** | **52,233** |
| 48103900 | OTHER KRAFT PAPER & PAPER / BOARD BLEACHED | | | | |
| | China | 463,195 | 98,846 | 77,354 | 12,879 |
| | Japan | 10,672 | 4,148 | 57,734 | 13,196 |
| | Sweden | 87,894 | 9,053 | 76,117 | 7,867 |
| | **Total** | **561,761** | **112,047** | **211,205** | **33,942** |
| 48111000 | PAPER & PAPER / BOARD,TARRED,BITUMINISED | | | | |
| | China | 2,633 | 420 | 2,669 | 325 |
| | U A E | 8,606 | 7,574 | 1,439 | 239 |
| | **Total** | **11,239** | **7,994** | **4,108** | **564** |

| HS Code | Countries | JUL 21 TO JUN 22 | | JUL 20 TO JUN 21 | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Quantity - Kg | Rupees in 000 | Quantity - Kg | Rupees in 000 |
| 48109200 | OTHER PAPER & PAPER / BOARD MULTI-PLY | | | | |
| | Brazil | 7,607,526 | 1,483,197 | 7,091,458 | 1,223,153 |
| | China | 37,195,146 | 9,492,517 | 46,637,814 | 6,753,043 |
| | Europien Union | 676,824 | 81,829 | 3,279,414 | 371,664 |
| | Finland | 14,906,787 | 2,900,275 | 5,728,417 | 693,183 |
| | Indonesia | 6,843,118 | 848,181 | 6,630,224 | 788,095 |
| | Korea | 466,337 | 65,903 | 254,936 | 36,437 |
| | Singapore | 144,648 | 44,176 | 218,529 | 45,979 |
| | Sweden | 20,655,856 | 3,878,345 | 18,044,231 | 2,813,260 |
| | U.S.America | 2,657,550 | 330,809 | 1,799,267 | 185,140 |
| | **Total** | **91,153,792** | **19,125,232** | **89,684,290** | **12,909,954** |
| 48109900 | OTHER PAPER & PAPER / BOARD COATED | | | | |
| | China | 4,109,252 | 703,057 | 2,346,550 | 323,341 |
| | Finland | 71,173 | 10,508 | 71,710 | 11,984 |
| | Indonesia | ..... | ..... | 150,594 | 12,032 |
| | Italy | 1,135,796 | 244,451 | 550,146 | 121,113 |
| | Sweden | 49,993 | 7,342 | 2,900 | 386 |
| | U.S.America | 277,846 | 39,855 | 125,855 | 12,349 |
| | U A E | 24,683 | 3,067 | 11,865 | 1,172 |
| | United Kingdom | 14,229 | 2,404 | 4,587 | 642 |
| | **Total** | **5,682,972** | **1,010,684** | **3,264,207** | **483,019** |
| 48115100 | PAPER & PAPER BOARD PLASTIC COATED | | | | |
| | China | 70,879 | 23,083 | 23,083 | 12,566 |
| | Germany | 3,610 | 1,989 | 4,172 | 3,113 |
| | Italy | 30,000 | 13,073 | ..... | ..... |
| | U.S.America | 28,948 | 20,675 | 4,703 | 1,584 |
| | **Total** | **133,437** | **58,820** | **31,958** | **17,263** |

| Grandt Total of Jul 20 To Jun 21 | |
|---|---|
| Quantity - Kg | Rupees in 000 |
| 114,902,526 | 35,332,307 |

| Grandt Total of Jul 21 To Jun 22 | |
|---|---|
| Quantity - Kg | Rupees in 000 |
| 120,541,314 | 24,732,504 |


Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.


Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# بلیچ، مقامی ڈپلیکس بورڈ، آفسیٹ و آرٹ پیپر، اسٹیکر، کاربن لیس اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مندی دیکھنے میں آئی اور 12 جولائی 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ کی قیمتوں میں کمی بیشی دیکھی گئی۔ جبکہ نیویا آرٹ پیپر ، مقامی ڈپلیکس بورڈ، بورڈ وان وائٹ، فورٹونا، ٹاپ رائیڈر، رائیڈر وائٹ بیک، کلاسک ،مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ ، کاربن لیس پیپر امپریشن ڈاٹ اسٹار اور رائزنگ سن، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ، ریئل ، چینمنگ ، پنڈو ڈیلی اور ایلی کنگ پرو، اسٹیکر پیپر یونگی، گولڈن ٹیک جی ایس ایف ، پاورٹیک، وائی ایم سی ، نیکسر پرو، لنٹیک ، لیبل ٹیک اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز 200، 190 اور 210 گرام، 530 روپے سے بڑھ کر 580 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ 25x36 سائز 300 گرام، 530 روپے سے کم ہوکر 500 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80 گرام 610 ، روپے سے کم ہوکر 590 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز 9400 ، روپے سے کم ہوکر 8500 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ رائزنگ سن 24x34 سائز، 9400 روپے سے کم ہو کر 8500 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ، بورڈ بورڈ ون وائٹ تمام سائز 250 اور 290 گرام، 215 روپے سے کم ہوکر 201 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ فورٹونا تمام سائز تمام گرام، 200 روپے سے کم ہوکر 195 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ٹاپ رائیڈر تمام سائز 250 تا 350 گرام، 202 روپے سے کم ہو کر 192 روپے اور تمام سائز 350 گرام، 202 روپے سے کم ہوکر 192 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ رائیڈر وائٹ بیک تمام سائز تمام گرام، 195 روپے سے کم ہوکر 190 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ کلاسک تمام سائز 250 گرام، 212 روپے سے کم ہوکر 197 روپے ، تمام سائز 300 اور 350 گرام، 210 روپے سے کم ہوکر 197 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ شاہین نیچرل بیک تمام سائز 350 گرام، 142 روپے سے بڑھ کر 155 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 395 روپے سے کم ہو کر 385 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ ریئل تمام سائز تمام گرام 405 روپے سے کم ہوکر 395 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 390 روپے سے کم ہو کر 375 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ ایلی کنگ پرو چائنا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 405 روپے سے کم ہوکر 390 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ تمام سائز 63 اور 68 گرام ، 310 روپے سے کم ہوکر 295 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 1250 روپے سے کم ہوکر 1230 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی ایل سی 70 گرام 1260 ، روپے سے کم ہوکر 1240 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 65 گرام 1250 ، روپے سے کم ہوکر 1210 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام 1300 ، روپے سے کم ہوکر 1240 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام A3 ، سائز 2900 روپے سے کم ہوکر 2800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1230 روپے سے کم ہو کر 1210 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 80 گرام، 1450 روپے سے کم ہوکر 1400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام 1550 ، روپے سے کم ہوکر 1475 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1650 روپے سے کم ہوکر 1630 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 1250 روپے سے کم ہوکر 1220 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 80 گرام A3 ، سائز 2600 روپے سے کم ہوکر 2500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 4200 روپے سے کم ہوکر 4000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز 4100 ، روپے سے کم ہوکر 3950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاورٹیک چائنا 20x30 سائز 4050 ، روپے سے کم ہوکر 3900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 4150 روپے سے کم ہوکر 3950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسر پرو چائنا 20x30 سائز ، 4150 روپے سے کم ہوکر 3950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لنٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز، 8900 روپے سے کم ہوکر 8500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز ، 4300 روپے سے کم ہوکر 4000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
0308-2933229

## غیر ملکی سرمایہ کاروں کو منافع اپنی کرنسی میں بھیجنے کی اجازت مل گئی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) حکومت نے غیر ملکی سرمایہ کاروں کو پورا منافع اپنے ملک کی کرنسی میں بیرون ملک بھیجنے کی اجازت دے دی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ نے پاکستان انویسٹمنٹ پالیسی 2023 کے تحت غیر ملکی سرمایہ کاروں کو 6 صنعتوں کے علاوہ تمام شعبوں میں سرمایہ کاری کی اجازت دی۔ ذرائع کے مطابق حکام کا کہنا ہے کہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کو خصوصی تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ حکام کے مطابق پالیسی کا مقصد 20 سے 25 ارب ڈالر کی غیر ملکی سرمایہ کاری کی راہ ہموار کرنا ہے۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Colour Cards
COPY PAPER A4
CHAND TRADERS
Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411
Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# سیلز ٹیکس اور ایکسائز ایکٹ کے نئے قوانین پر عملدرآمد شروع

اسلام آباد(بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے سیلز ٹیکس قانون میں فنانس ایکٹ 2023 کے ذریعے کی گئی ترامیم کو شامل کرنے کے لیے 30 جون 2023 تک اپ ڈیٹ کردہ سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 اور فیڈرل ایکسائز ایکٹ جاری کر دیا ہے۔ایف بی آر نے بدھ 5 جولائی کو ترمیم شدہ سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 اور فیڈرل ایکسائز ایکٹ 30 جون 2023 تک جاری کیا۔اپ ڈیٹ کردہ ایکٹ میں کہا گیا ہے کہ جہاں ٹیکس کے قابل سپلائی ایسے شخص کو کی جاتی ہے جس نے رجسٹریشن نمبر حاصل نہیں کیا یا وہ ایک فعال ٹیکس دہندہ نہیں ہے، وہاں قیمت کے 4 فیصد کی شرح سے مزید ٹیکس وصول کیا جائے گا، لگایا جائے گا اور ادا کیا جائے گا۔نظر ثانی شدہ سیلز ٹیکس ایکٹ میں کہا گیا ہے کہ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ڈیجیٹل انیشی ایٹو ایک ڈائریکٹر جنرل پر مشتمل ہو گا اور جتنے ڈائریکٹرز، ایڈیشنل ڈائریکٹرز، ڈپٹی ڈائریکٹرز اور اسسٹنٹ ڈائریکٹرز اور ایسے دیگر افسران پر مشتمل ہو گا جو بورڈ آفیشل گزٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے تعینات کر سکتا ہے۔ترمیم شدہ قانون نے تنازعات کے متبادل حل کے لیے ایک تفصیلی طریقہ کار بھی جاری کیا ہے۔ایکٹ میں واضح کیا گیا ہے کہ کوئی بھی شخص جو بورڈ کے ذریعہ متعین کردہ سامان یا طبقے کا سامان تیار کرتا ہے، رکھتا ہے، نقل وحمل کرتا ہے، تقسیم کرتا ہے یا فروخت کرتا ہے جیسا کہ بورڈ نے جعلی ٹیکس اسٹامپ، بینڈرول، اسٹیکرز، لیبل یا بارکوڈز یا بغیر ٹیکس اسٹامپ، بینڈرول، اسٹیکرز، لیبلز یا بارکوڈز، اس طرح کے (مخصوص سامان) مکمل طور پر ضبط کرنے کے لیے ذمہ دار ہوں گے۔اپ ڈیٹ کردہ ایکٹ کے جائزے سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ سیلز ٹیکس کی صفر درجہ بندی غیر ملکی سرمایہ کاری (پروموشن اینڈ پروٹیکشن) ایکٹ کے پہلے شیڈول کے سیریل نمبر 1 میں بیان کردہ کسی اہل سرمایہ کاری کے لیے یا اس کے ذریعے کی جانے والی درآمدات یا سپلائیز پر لاگو ہوگی۔ 2022 اس مدت کے لیے جیسا کہ مذکورہ ایکٹ کے دوسرے شیڈول میں بیان کیا گیا ہے۔سیلز ٹیکس کی چھوٹ قبائلی علاقوں میں تنصیب کے لیے پلانٹ، مشینری اور آلات کی سپلائی اور درآمدات اور قبائلی علاقوں میں واقع صنعتوں کے صنعتی ان پٹ پر دستیاب ہوگی، جیسا کہ آئین میں 30 جون 2024 تک بنایا گیا ہے۔بجلی کی سپلائی پر سیلز ٹیکس چھوٹ کی اجازت دی گئی ہے، جیسا کہ آئین (پچیسویں ترمیم) ایکٹ 2018 کی منظوری کے دن سے لے کر 30 جون 2024 تک قبائلی علاقوں میں تمام رہائشی اور تجارتی صارفین کو، اور قبائلی علاقوں میں ایسی صنعتیں جنہوں نے 31 مئی 2018 سے پہلے اپنی صنعتی پیداوار شروع کی اور کچھ شعبوں کو چھوڑ کر۔

### ایف بی آر کراچی نے ٹیکس وصولی کے تمام ریکارڈ توڑ دیئے

کراچی(نیوز ڈیسک) معاشی سست روی اور بڑے چیلنجز کے باوجود ایف بی آر کے لارج ٹیکس آفس کراچی نے ٹیکس وصولی کی تمام ریکارڈ توڑ دیئے، سیلز ٹیکس وصولی میں 7 فیصد اضافہ ہو گیا۔ان لینڈ ریونیو کمشنر کراچی گردھاری مل نے کہا ہے کہ مالی سال 23-2022 میں لارج ٹیکس آفس نے ٹیکس ریونیو میں 400 ارب روپے اضافے سے 2078 ارب روپے اکٹھے کرنے کا ریکارڈ بنایا جو گزشتہ سال ایل ٹی او کی ٹیکس وصولی 1676 ارب روپے سے 23 فیصد زائد رہی۔کمشنر ان لینڈ ریونیو نے انکشاف کیا کہ مجموعی طور پر 433 ارب روپے کے 3649 ٹیکس کے کیسز مختلف عدالتوں میں ہیں جن میں سے سپریم کورٹ میں 285 کیسز، ہائیکورٹ میں 2285 کیسز اور ٹربونیل میں 1079 کیسز زیر سماعت ہیں۔

# 'ایل سیز کھولنے کیلئے بینکس ڈالر کا بندوبست کریں' اسٹیٹ بینک

کراچی(نیوز ڈیسک) بینکوں سے کہا گیا ہے کہ وہ 25 فیصد زیادہ درآمدات کی اجازت دیں لیکن انہیں لیٹر آف کریڈٹ (ایل سیز) کھولنے سے قبل ڈالر کا انتظام کرنا پڑے گا۔رپورٹ کے مطابق ڈالر کے انتظامات کے حوالے سے تبدیلی آئی ہے، بینکرز نے بتایا کہ انہیں اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ایل سی کھولنے سے قبل ڈالرز کا بندوبست کرنے کو کہا ہے، اس اقدام کے باعث ڈالر کی عدم دستیابی کی وجہ سے درآمدات محدود ہوجائیں گی۔اس سے قبل درآمد کنندگان کو خام مال کی درآمدات کی ایل سی کھولنے کے لیے ڈالر کا بندوبست کرنے کی ذمہ داری دی گئی تھی جس سے صنعتوں کے لیے حالات نسبتاً آسان ہوئے لیکن ساتھ ہی اس صورتحال نے ڈالر کی بلیک مارکیٹنگ کو تقویت دی۔ اس صورتحال میں درآمد کنندگان نے گرے مارکیٹ سے 20 سے 25 روپے فی ڈالر تک زیادہ قیمتوں پر امریکی کرنسی خریدنا شروع کر دی تھی جس سے انٹربینک اور اوپن مارکیٹ کے درمیان ریٹ میں بڑا فرق آ گیا تھا، جس کے نتیجے میں ترسیلات زر میں کمی آنا شروع ہونے کے ساتھ برآمدی آمدنی سے حاصل ہونے والے ڈالرز کی گرے مارکیٹ میں فروخت کی گئی یا ان ڈالر کو قیمت میں مزید اضافے کے امکانات کے باعث ذخیرہ کرلیا گیا تھا۔سالانہ بنیادوں پر 31 فیصد کمی کے باوجود مالی سال 2023 میں 27 ارب 55 کروڑ ڈالر کے تجارتی خسارے کے ساتھ درآمدات کا مجموعی حجم 55 ارب 29 کروڑ ڈالر رہا۔مالیاتی شعبے کے مطابق بینک اپنے ڈالر کے ذخائر کو بڑھا نہیں پائیں گے جس کا مطلب ہے کہ درآمدات محدود رہیں گی۔آئی ایم ایف بورڈ کی جانب سے رواں ماہ کے وسط میں 3 ارب ڈالر کے اسٹینڈ بائی ارینجمنٹ کی منظوری کے بعد مرکزی بینک کے ذخائر میں بہتری آنے کی امید ہے۔بینکنگ ذرائع نے بتایا کہ اسٹیٹ بینک نے ضروری و غیر ضروری درآمدات کے معیار کو ختم کر کے درآمدی پابندیوں میں نرمی کی ہے، اس اقدام سے خاص طور پر ان صنعتوں کو فائدہ ہوگا جن کا زیادہ تر انحصار درآمد شدہ خام مال پر ہوتا ہے۔

# ڈالر کی قدر میں کمی کا سلسلہ جاری

## انٹربینک میں ڈالر کی قدر میں 277 روپے اور اوپن کرنسی مارکیٹ میں 280 روپے ہوگئی

کراچی(بزنس ڈیسک) سعودی عرب سے 2 ارب ڈالر کے ڈپازٹ موصول ہونے کے اعلان نے ڈالر کو ریورس گیئر لگانے پر مجبور کر دیا۔انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر کی قدر 1 روپے 41 پیسے کی کمی سے 277 روپے 15 پیسے ہوگئی۔ اسی طرح اوپن کرنسی مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قدر 2 روپے کی کمی سے 280 روپے کی سطح پر آ گئی۔سعودی عرب سے 2 ارب ڈالر کے ڈپازٹ اسٹیٹ بینک کو موصول ہونے، پاکستان کی ریٹنگ میں بہتری اور آئی ایم ایف کی پاکستان کے ایکسٹرنل فنانسنگ گیپ ختم کرنے کی دستاویزی حکمت عملی منظور کیے جانے سے زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں ڈالر کی جاری رہنے والی پیشقدمی رک گئی۔ماہرین کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ سے قرضوں کی مطلوبہ قسط کے اجراء کی منظوری کے بعد دیگر دوست ممالک اور عالمی مالیاتی اداروں سے بھی پاکستان کے لیے وہ قرضے جاری ہوسکیں گے جنہیں آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی سے مشروط کیا گیا تھا۔ملک میں انفلوز کی آمد سے ڈالر کے مقابلے میں روپیہ کے مزید تگڑا ہونے کے امکانات ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ایف بی آر کے مختلف آمدنیوں پر فائلر اور نان فائلر کیلئے نئے ٹیکس شرحیں مقرر

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے مالی سال 24-2023 کیلئے مختلف اقسام کی آمدنیوں پر فائلر اور نان فائلر کے ٹیکس ریٹ مقرر کر دیئے ہیں۔ ایک نوٹیفکیشن کے مطابق یکم جولائی 2023ء سے 30 جون 2024ء کے مالی سال میں پرائز بانڈز کی آمدنی پر سب سے زیادہ انکم ٹیکس منہا ہوا کریگا۔ اگر سالانہ ٹیکس گوشوارے جمع کرنے والے کا قرعہ اندازی میں انعامی بانڈ نکلے گا تو اُس سے 15 فیصد کٹوتی ہوگی جبکہ گوشوارے جمع نہ کرانے والے شخص کا انعام نکلنے پر 30 فیصد کٹوتی کی جائیگی۔ اسی طرح سیونگ اکاؤنٹ پرافٹ پر ٹیکس کی شرح جو پہلے 10 فیصد ہوا کرتی تھی اب سالانہ انکم ٹیکس گوشوارہ جمع کرانے والوں کو سیونگ اکاؤنٹ پرافٹ پر 15 فیصد بطور انکم ٹیکس منہا کیا جائیگا جبکہ انکم ٹیکس گوشوارہ جمع نہ کرانے والے کے سیونگ اکاؤنٹ پرافٹ سے 30 فیصد کٹوتی ہوگی۔ رینٹ انکم اگر فائلر کی ہوگی تو اس پر 5 سے 15 فیصد ٹیکس منہا ہوگا جبکہ نان فائلر کی رینٹ انکم پر 10 سے 15 فیصد انکم ٹیکس وصول کیا جائیگا۔

بونس شیئرز کے اجراء پر فائلر سے 10 فیصد، نان فائلر سے 20 فیصد ٹیکس کی کٹوتی ہوگی۔ پراپرٹی آکشن کی رقم پر فائلر سے 5 فیصد اور نان فائلر سے 10 فیصد ٹیکس کی کٹوتی کی جائیگی۔ موٹر وہیکل لیزنگ پر فائلر سے ٹیکس زیرو ہوگا جبکہ نان فائلر سے 12 فیصد ٹیکس کٹوتی ہوگی۔ موٹر گاڑیوں کی رجسٹریشن پر فائلر سے 10 ہزار روپے سے لیکر 5 لاکھ روپے تک ٹیکس ادا کرنا ہوگا جبکہ نان فائلر کو چھوٹی سے چھوٹی گاڑی کی خریداری پر 30 ہزار اور بڑی سے بڑی گاڑی کی خریداری پر 15 لاکھ روپے ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ گاڑی کا سالانہ ٹوکن ٹیکس فائلر سے 8 سو روپے کم از کم اور زیادہ سے زیادہ 10 ہزار روپے لیا جائیگا جبکہ نان فائلر سے کم سے کم 16 سو روپے اور زیادہ سے زیادہ 20 ہزار روپے ٹوکن ٹیکس وصول ہوگا۔ کمیشن پر ٹیکس کی شرح فائلر سے 12 فیصد وصول ہوگی جبکہ نان فائلر سے 24 فیصد وصول ہوا کریگی۔ بینکنگ ٹرانزکشن اور کیش نکلوانے پر فائلر سے زیرو اور نان فائلر سے زیرو اعشاریہ 6 فیصد ٹیکس منہا ہوگا۔ انٹرنیشنل ٹرانزیکشن بذریعہ ڈیبٹ کریڈٹ کارڈ فی فائلر 2 فیصد اور نان فائلر سے 10 فیصد ٹیکس وصول ہوگا۔ پراپرٹی کی خریداری پر فائلر سے 2 فیصد نان فائلر سے 7 فیصد ٹیکس وصول ہوا کریگا۔ پراپرٹی کی فروخت پر فائلر سے 2 فیصد نان فائلر سے 4 فیصد ٹیکس وصول ہوگا۔ مخصوص سروسز پر فائلر سے 3 فیصد نان فائلر سے 6 فیصد ٹیکس کی وصولی ہوگی۔ سروسز پر عمومی ٹیکس فائلر سے 7 فیصد نان فائلر سے 14 فیصد ٹیکس وصول ہوا کریگی۔ جن صارفین کا بجلی کا ماہانہ بل 25 ہزار روپے تک ہوگا اُس پر ٹیکس زیرو فیصد ہوگا جبکہ نان فائلر سے بجلی کے بل پر ساڑھے 7 فیصد ٹیکس لیا جائیگا۔ مینوفیکچرر اور کمرشل امپورٹرز کی طرف سے ڈسٹری بیوٹرز، ڈیلرز، ہول سیلرز کو کی جانیوالی سیل پر ٹیکس زیرو کر دیا گیا ہے۔ مینوفیکچرز، ڈسٹری بیوٹرز، ڈیلرز، ہول سیلرز، کمرشل امپورٹرز کی طرف سے ریٹیلرز کو کی گئی سیل پر فائلر سے صفر اعشاریہ پانچ فیصد، نان فائلر سے ایک فیصد ٹیکس کی وصولی ہوگی۔ ایجوکیشن فیس، رینٹ آف ہیوی مشینری پر اس ٹیکس کا اطلاق نہیں ہوگا۔

# درآمدی اشیا کی غیر قانونی کلیئرنس: ایف بی آر کا اسٹیٹ بینک، کسٹمز انٹیلی جنس کو شامل کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ڈائریکٹوریٹ آف کسٹمز ریفارم اینڈ آٹومیشن نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) سے درخواست کی ہے کہ وہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) اور ڈائریکٹوریٹ آف کسٹمز انٹیلی جنس کے نمائندوں کو کمیٹی میں شامل کرے تاکہ درآمدی سامان کی جعلی کلیئرنس کی تحقیقات کی جاسکیں۔ اس سلسلے میں ڈائریکٹوریٹ نے ایف بی آر کو خط لکھ دیا ہے۔ مالیاتی آلات کی لازمی ضروریات کو پورا کیے بغیر درآمد شدہ سامان کی جعلی کلیئرنس کے موضوع میں اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ 2010 (جس میں ترمیم شدہ) اور کسٹمز ایکٹ 1969 کے سیکشن 32A، 32 اور 32C کی خلاف ورزی کرتے ہوئے رقوم کی پاکستان سے باہر غیر قانونی منتقلی شامل تھی۔ اس لیے، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن، کسٹمز، اسلام آباد کو شامل کریں جو انسداد منی لانڈرنگ کسٹمز ایجنسی کا اہم کردار ہے۔ حال ہی میں، پاکستان کسٹمز کے ساتھ ساتھ پاکستان سنگل ونڈو کے حکام نے مالیاتی آلہ پر ایک بحث کی۔ میٹنگ میں یہ بات بھی سامنے آئی کہ تاجروں/درآمد کنندگان نے غیر مجاز کھلے کھاتوں پر جی ڈی کلیئر کرنے کی کوشش کی ہے، تاہم، سنگل ونڈو ٹیم نے دعویٰ کیا کہ وی بوک سسٹم میں تکنیکی خرابیاں تھیں اور ہم نے فوری طور پر وی بوک ٹیم کو آگاہ کیا جس نے اس مسئلے کا پتہ لگا کر اسے ٹھیک کر دیا۔ سنگل ونڈو نے فوری طور پر نوٹس لیا ہے اور اس مسئلے کو متعلقہ ریگولیٹر یعنی اسٹیٹ بینک تک پہنچا دیا گیا اور متعلقہ بینکنگ قوانین کے تحت جانچ پڑتال اور مزید ضروری کارروائی کے لیے کلیئرنس ڈیٹا کے ساتھ اسٹیٹ بینک کی ہدایات کے مطابق متعلقہ مجاز ڈیلرز (کمرشل بینکوں) کے ساتھ شیئر کیا گیا۔ دوسری جانب کسٹمز حکام کا کہنا ہے کہ "ہم سے غیر مجاز کھلے کھاتوں پر مشاورت نہیں کی گئی۔ ذرائع نے بتایا کہ نہ تو انکوائری رپورٹ کا اشتراک کیا گیا اور نہ ہی مالیاتی آلات کی لازمی ضروریات کو پورا کیے بغیر درآمدی سامان کی دھوکہ دہی سے کلیئرنس میں ملوث مجرم درآمد کنندگان کی نشاندہی کی گئی۔ ذرائع نے بتایا کہ ڈائریکٹوریٹ آف ریفارمز اینڈ آٹومیشن، کراچی نے یہ بھی بتایا کہ ڈائریکٹوریٹ نے 07-12-2021 سے 26-06-2023 کے دوران اوپن اکاؤنٹ کے حوالے سے درآمد کنندگان کے جی ڈی کلیئرنس ڈیٹا پر انحصار کیا ہے۔ ذرائع نے مزید کہا کہ مالیاتی انسٹرومنٹ کو تقریباً 52,538 جی ڈیز کے نمبروں کو ٹیگ نہیں کیا گیا ہے جس میں $ 1.478 بلین شامل ہیں۔ اسی طرح، مالیاتی انسٹرومنٹ کو بھی 3.26 بلین ڈالر کے جی ڈیز کے 9,680 نمبروں پر ایک سال سے زیادہ ٹیگ نہیں کیا گیا ہے۔ ڈائریکٹوریٹ آف آر اینڈ اے نے مطلع کیا کہ اسٹیٹ بینک کا فارن ایکسچینج مینول صرف اسپیئر پارٹس، مینوفیکچرنگ اور صنعتی خدشات اور تجارتی درآمد کنندگان کے خام مال، زندگی بچانے والی ادویات اور آلات، ہوائی جہاز سے متعلقہ اسپیئر پارٹس/اجزاء، لیبارٹری کے آلات، درآمد شدہ آلات کی درآمد کی اجازت دیتا ہے۔ تعلیمی اداروں کی طرف سے اپنے استعمال کے لیے، اخبارات، رسائل، رسالے، کتابیں وغیرہ۔

# بینک ڈپازٹس کی شرح 8 فیصد پر رہی

کراچی (بزنس ڈیسک) مہنگائی، معاشی سرگرمیوں میں کمی کی وجہ سے سال 2022 کے دوران بینکوں کے ڈپازٹ کی شرح نمو 8 فیصد رہی، جو 7 سال کی کم ترین سطح ہے۔ اسٹیٹ بینک کی بینکنگ انڈسٹری کی مالی استحکام کی جائزہ رپورٹ 2022 کے مطابق بینکوں کے اثاثہ جات اور فنڈنگ میں تیزی سے بڑھتے ہوئے اضافے اور ڈپازٹ میں کمی کی وجہ سے بینکوں کا قرض پر انحصار بڑھ گیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی رپورٹ کے مطابق بینکوں کے ڈپازٹ کی شرح نمو سال 2022 کے دوران 8 فیصد رہی جو سال 2021 میں 17.3 فیصد رہی تھی۔ بینکوں کے ڈپازٹس میں کھاتے داروں کی جمع شدہ رقوم کا حصہ 96.3 فیصد ہوتا ہے۔ سال 2022 کے دوران بینک کسٹمرز کی بینک کھاتوں میں رقوم جمع کرانے میں 11.9 فیصد اضافہ ہوا جبکہ 2021 کے دوران کسٹمرز ڈپازٹس میں 16.8 فیصد اضافہ ہوا تھا۔ بینکوں کی جانب سے زیادہ شرح منافع کے حامل ڈپازٹس کی حوصلہ شکنی کی وجہ سے فکسڈ ڈپازٹس میں نمایاں کمی دیکھی گئی۔ معاشی سست روی، ترسیلات میں کمی، بلند افراط زر نے کسٹمرز کی کھاتوں میں رقوم جمع کرانے کی صلاحیت کو متاثر کیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق بینکوں کی ڈپازٹ بڑھانے کی صلاحیت اور ایسٹ لائبلٹی منیجمنٹ کی حکمت عملی حکومت کی جانب سے ایڈوانس ٹو ڈپازٹ ریشو کے لحاظ سے بینکوں پر ٹیکس عائد کیے جانے نے بھی ڈپازٹ کی نمو کو متاثر کیا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ڈیجیٹل کرنسی کے اجرا کا حتمی فیصلہ نہیں ہوا، اسٹیٹ بینک

کراچی (نیوز ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے تاحال ڈیجیٹل کرنسی متعارف کرنے کا کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا، 2 ماہ میں پاکستان کی ڈیجیٹل کرنسی کے اجرا کا کوئی امکان نہیں ہے۔اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ذرائع نے رابطہ کرنے پر بتایا کہ اسٹیٹ بینک کا متعلقہ شعبہ ڈیجیٹل کرنسی کے اجرا کے امکانات اور اس میں درپیش چیلنجز کا جائزہ لے رہا ہے ابتدائی سطح کے اس جائزے میں طے ہوگا کہ ڈیجیٹل کرنسی جاری کی جاسکتی ہے یا نہیں تاہم ڈیجیٹل کرنسی کے بارے میں کوئی ٹھوس پیش رفت یا فیصلہ نہیں کیا گیا۔واضح رہے کہ بعض حلقوں میں ڈپٹی گورنر سیما کامل کا حوالہ دیتے ہوئے 2 ماہ میں پاکستان کی ڈیجیٹل کرنسی کے اجرا کی اطلاعات گردش کررہی ہیں تاہم اسٹیٹ بینک کے متعلقہ شعبہ کا کہنا ہے کہ فی الوقت اسٹیٹ بینک میں ڈیجیٹل کرنسی کے امکانات اور چیلنجز کو ایکسپلور کیا جا رہا ہے تاحال کوئی انسٹرومینٹ یا مکینزم تیار نہیں کیا گیا جس کی بنیاد پر ڈیجیٹل کرنسی کے کسی مخصوص دورانیے میں اجرا کی تصدیق کی جاسکے۔اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مالیاتی نظام کی جائزہ رپورٹ برائے سال 2022 کے خصوصی باب ''کرپٹو کرنسیز سے وابستہ خدشات وامکانات اور نگرانی کے عالمی تصور'' میں کہا ہے کہ روایتی مالیاتی ریکارڈ کیپنگ کے برعکس جو مرکزی ریکارڈ کیپنگ پر مبنی کرپٹو اثاثہ بٹ کوائن اور ایتھر وغیرہ کی ڈی سینٹرلائز طریقے سے ریکارڈ کیپنگ کی جاتی ہے، یہ کرنسیاں کسی مخصوص ملک کے کنٹرول میں نہیں ہوتیں اور نہ ہی کسی بھی مرکزی بینک کی ضمانت سے جاری نہیں کی جاتیں۔اسٹیٹ بینک نے اپنے جائزے میں کہا ہے کہ کرپٹو اثاثوں کے عالمی حجم میں اضافہ نے دنیا بھر کے مالیاتی نگراں اداروں اور مرکزی بینکوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرلی ہے اور دنیا بھر کے مرکزی بینک کرپٹو کرنسی سسٹم کا تجزیہ اور مطالعہ کررہے ہیں کیونکہ اس کا تصور اور متعلقہ ٹیکنالوجیز (ڈی سینٹرلائز لیجر ٹیکنالوجیز) میں بہت سے فوائد ہیں جن میں سستی اور تیز رفتار مالیاتی خدمات، اسکیل ایبلیٹی اور مالی شمولیت کی گنجائش، آپریشنل لچک کے ساتھ ٹرانزیکشن کی ٹریس ایبلیٹی جیسے فیچرز شامل ہیں۔

# ڈالر کی قدر جلد 250 روپے پر آجائے گی، ایکس چینج ایسوسی ایشن

کراچی (بزنس ڈیسک) ایکس چینج ایسوسی ایشن آف پاکستان نے آئی ایم ایف سے مطلوبہ فنڈ کے اجرا سے ڈالر کی قدر مرحلہ وار 270 روپے اور پھر اس کے بعد 250 روپے کی سطح پر آنے کی پیش گوئی کردی۔ایکس چینج ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین ملک بوستان کا کہنا ہے کہ پیر 10 جولائی کو ڈالر کے انٹربینک ریٹ میں اضافہ خالصتاً عارضی نوعیت کا ہے کیونکہ انٹربینک مارکیٹ میں طویل عرصے سے رکے ہوئے 6 ہزار درآمدی کنٹینرز کی ادائیگیوں اور درآمدات پر عائد غیر اعلانیہ پابندیاں ختم ہونے کے بعد نئی امپورٹ ایل سیز کھلنے سے ڈالر کی ڈیمانڈ بڑھ گئی ہے اور مطلوبہ ڈیمانڈ پوری ہوتے ہی ڈالر دوبارہ بیک فٹ پر آجائے گا۔انہوں نے انفلوز سے متعلق حکومتی پالیسوں کو حوصلہ افزا قرار دیتے ہوئے کہا کہ ریگولیٹر اور ایکس چینج کمپنیز ایسوسی ایشن نے اسپیکولیٹنز (سٹہ بازی) پر گہری نظر رکھی ہوئی ہے۔ملک بوستان نے کہا کہ ورکرز ریمی ٹینسز میں کمی پر تشویش ہے، دنیا بھر میں 10 کروڑ ہنر مند افرادی قوت کی ضرورت ہے، پاکستان میں ہنر مند افرادی قوت کی تیاری وقت کی اہم ضرورت ہے، اگر ہنرمندوں کو تیار کرکے انہیں بیرون ملک بھیجا جائے تو ملک میں ماہانہ ورکرز ریمی ٹینسز کی آمد کی مالیت 4 ارب ڈالر تک پہنچ سکتی ہے۔

# ایف بی آر کے 9 ویلیوایشن افسران کے تبادلے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے محکمہ کسٹمز کے درج ذیل افسران کے تبادلوں اور تقرریوں کا نوٹیفکیشن فوری طور پر اور اگلے احکامات تک جاری کر دیا ہے۔جس کے تحت راؤ ڈنو ساند، BS-16 ویلیوایشن آفیسر کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ ایسٹ کو تبدیل کرکے ویلیویشن آفیسر کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ ویسٹ کراچی تعینات کردیا گیا ہے۔سلمان عزیز خان، BS-16 ویلیوایشن آفیسر، ڈائریکٹوریٹ جنزل آف کسٹمز ویلیوایشن کو تبدیل کرکے ویلیویشن آفیسر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اسلام آباد تعینات کیا گیا ہے۔راجہ اسامہ ظہیر، BS-16 ویلیوایشن آفیسر، ڈائریکٹوریٹ جنزل آف کسٹمز ویلیوایشن، کراچی کو تبدیل کرکے ویلیویشن آفیسر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ اسلام آباد تعینات کیا گیا ہے۔ضیغم علی، BS-16 ویلیوایشن آفیسر، ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ ساؤتھ کراچی کو تبدیل کرکے ویلیویشن آفیسر کلکٹریٹ آف کسٹمز ویسٹ، کراچی تعینات کیا گیا ہے۔عمران حیدر، BS-16 ویلیوایشن آفیسر، PCA جنوبی کراچی کو تبدیل کر کے ویلیوایشن آفیسر اپریزمنٹ ویسٹ کراچی تعینات کیا گیا ہے۔شیخ حکیم اللہ، BS-16 ویلیوایشن آفیسر، پی سی اے ساؤتھ کو تبدیل کرکے ویلیوایشن آفیسر کسٹمز اپریزمنٹ، کوئٹہ تعینات کیا گیا ہے۔شاہنواز کھوسو، BS-16 اپریزنگ آفیسر کلکٹریٹ آف کسٹمز پورٹ محمد بن قاسم کراچی کو تبدیل کرکے ویلیوایشن آفیسر ڈائریکٹوریٹ جنزل آف کسٹمز ویلیوایشن کراچی تعینات کردیا گیا ہے۔غلام مصطفیٰ، BS-16 ویلیوایشن آفیسر کسٹم اپریزمنٹ ویسٹ کو تبدیل کرکے ویلیوایشن آفیسر ڈائریکٹوریٹ جنزل آف کسٹمز ویلیوایشن کراچی تعینات کیا گیا ہے۔محمد شاہد مراد، BS-16 ویلیوایشن آفیسر کسٹمز اپریزمنٹ ویسٹ کو تبدیل کرکے ویلیوایشن آفیسر کلکٹریٹ آف کسٹمز ویلیوایشن کراچی تعینات کردیا گیا ہے۔

## پابندی کے باوجود ملک میں آن لائن کرنسی کے نام پر فراڈ جاری

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان میں پابندی کے باوجود آن لائن کرنسی کے نام پر مبینہ طور پر فراڈ جاری ہے، سوشل میڈیا پر سرمایہ کاری کا جھانسہ دیکر اکاؤنٹ یا ٹریڈنگ کمپنی بند کرکے سب کچھ ہتھیا لیا جاتا ہے، کرپٹو ٹریڈنگ کے ذریعے جعلساز عوام کو لوٹنے میں مصروف ہیں وزارت آئی ٹی کے پاس کرپٹو کرنسی فراڈ کی شکایات میں اضافہ ہونے لگا ہے ذرائع کے مطابق ٹوئٹر، انسٹا گرام اور دیگر ایپس پر ٹریڈنگ کے نام پر بڑے پیمانے پر فراڈ کیا جاتا ہے شہریوں کو پہلے سرمایہ کاری کرنے کا جھانسہ دیا جاتا ہے۔

## جون 2023 میں دنیا بھر کی کرنسیوں میں سب سے زیادہ پاکستانی روپے کی شرح میں 3.1 فیصد اضافہ

